احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

پیر 4 اکتوبر 2004ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L. 29

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editoralfazl@hotmail.com

پیر 4 اکتوبر 2004ء 18 شعبان 1425 ہجری 4 اخاء 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 224

میں بکثرت یہ دعا کرتا ہوں

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے یہ دعا سیکھی۔

اے اللہ مجھے توفیق دے کہ میں تیرے شکر کا حق ادا کرسکوں اور کثرت سے تیرا ذکر کرسکوں اور تیری باتوں پر عمل کرسکوں اور تیرے احکام کی پابندی کرسکوں۔

حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ میں بکثرت یہ دعا مانگتا ہوں۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب ادعیۃ النبی حدیث نمبر:3530)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کا دودھ بھی ایک گریہ کو چاہتا ہے، اس لئے اس کے حضور رونے والی آنکھ پیش کرنی چاہئے۔ بعض لوگوں کا یہ خیال کہ اللہ کے حضور رونے دھونے سے کچھ نہیں ملتا۔ بالکل غلط اور باطل ہے۔ ایسے لوگ اللہ تعالیٰ کی ہستی اور اس کے صفات قدرت وتصرف پر ایمان نہیں رکھتے۔ اگر ان میں حقیقی ایمان ہوتا، تو وہ ایسا کہنے کی جرأت نہ کرتے۔ جب کبھی کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے حضور آیا ہے اور اس نے سچی توبہ کے ساتھ رجوع کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ اس پر اپنا فضل کیا ہے۔ (ملفوظات جلد اول صفحہ 234)

محض رونا اور چلانا بھی اپنے اندر کوئی حقیقت نہیں رکھتا۔ میں نے سنا ہے کہ ملوک چغتائیہ کے عہد سلطنت میں بعض لوگ ایسے ہوتے تھے جو شرط لگا کر یقیناً رلا دیتے تھے اور ہنسا دیتے تھے اور اب تو صریح یہ بات موجود ہے کہ طرح طرح کے ناول موجود ہیں۔ بعض ایسے ہیں کہ ان کو پڑھ کر بے اختیار ہنسی آتی ہے اور بعض ایسے ہیں کہ ان کو پڑھ کر دل بے اختیار ہو کر دردمند ہو جاتا ہے، حالانکہ ان کو یقیناً بناوٹی قصے اور فرضی کہانیاں جانتے ہیں۔

اس سے صاف معلوم ہو گیا کہ انسان دھوکا کھاتا ہے اور یہ اس وقت ہوتا ہے، جب انسان نفسانی اغراض اور روحانی مطالب میں تمیز نہیں کرتا۔ جس قدر لوگ دنیا میں ہیں، ان میں ایک بہت بڑی تعداد ایسے لوگوں کی ہے، جو علامات حقیقیہ سے بے نصیب ہیں۔ ان کے منہ سے معارف اور حقائق نہیں نکلتے، پھر رلا دیتے ہیں۔ اس کی یہ وجہ نہیں ہے کہ وہ حقائق اور معارف سے بہرور ہیں۔ جو عبودیت کے رنگ سے رنگین ہو کر الوہیت کے عظمت وجلال سے خائف اور ترساں ہو کر بولتے ہیں۔ بلکہ اس کی تہہ میں وہی بات ہوتی ہے جو میں نے ابھی ناولوں اور کہانیوں کے متعلق بیان کی ہے۔ وہ خود بھی نفس کی ہوا میں مبتلا ہوتے ہیں اور یوں رونا کچھ فائدہ نہیں رکھتا۔

اگر اللہ تعالیٰ کی عظمت وجبروت اور اس کی خشیت کا غلبہ دل پر ہو اور اس میں ایک رقت اور گداز ش پیدا ہو کر خدا کے لئے ایک قطرہ بھی آنکھ سے نکلے، تو وہ یقیناً دوزخ کو حرام کر دیتا ہے۔ پس انسان اس سے دھوکہ نہ کھائے کہ میں بہت روتا ہوں۔ اس کا فائدہ بجز اس کے اور کچھ نہیں کہ آنکھ دکھنے آ جائے گی اور یوں امراض چشم میں مبتلا ہو جائے گا۔

(ملفوظات جلد اول ص 272)

نماز جنازہ حاضر وغائب

مکرم پرائیویٹ سیکرٹری صاحب لندن لکھتے ہیں۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے مورخہ 29 ستمبر 2004ء کو بیت الفضل لندن میں درج ذیل نماز جنازہ حاضر وغائب پڑھائے۔

نماز جنازہ حاضر

مکرم محمد سرور صاحب

مکرم محمد سرور صاحب چھ ماہ کی علالت کے بعد مورخہ 24 ستمبر 2004ء کو وفات پا گئے ہیں۔ مرحوم مکرمہ اکبری اسماعیل صاحبہ جو کہ لجنہ یوکے کی ایک فعال رکن ہیں کے بھائی تھے۔

نماز جنازہ غائب

مکرم مولانا محمد اسماعیل منیر صاحب

مکرم مولانا محمد اسماعیل منیر صاحب (مربی سلسلہ) مورخہ 23 ستمبر 2004ء کو بوسٹن امریکہ

باقی صفحہ 8 پر

سالانہ اجتماع انصاراللہ کا التوا

☆ مجلس انصاراللہ پاکستان کا سالانہ اجتماع مجوزہ مورخہ 8 تا 10 اکتوبر 2004ء ربوہ میں ملتوی کیا جاتا ہے۔ ان تاریخوں میں یہ اجتماع نہیں ہوگا۔ ضلعی عہدیداران جملہ مجالس کو یہ اطلاع پہنچا دیں۔

(قائد عمومی مجلس انصاراللہ پاکستان)

ماہر امراض قلب کی آمد

مکرم ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب ماہر امراض قلب درج ذیل شیڈیول کے مطابق ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔

مورخہ 9۔ اکتوبر بروز ہفتہ شام 5:00 بجے کے بعد
10۔ اکتوبر بروز اتوار صبح 7:30 تا 1:30 بجے دوپہر

ضرورت مند احباب میڈیکل آؤٹ ڈور سے ریفر کروا کر ضروری ٹیسٹ۔ ای سی جی وغیرہ کروالیں اور پرچی روم سے پرچی بنوالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

دعوت الی اللہ کے سنہری گر

140

پر حکمت نصائح ایمان افروز واقعات

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

حکیمانہ انداز

برطانیہ کی فعال داعی الی اللہ محترمہ ساجدہ حمید صاحبہ مرحومہ بارٹلے پول بیان کرتی ہیں:۔

''چند لوگوں کو چائے یا کھانے پر بلا لیتی ہوں۔ کھانے سے پہلے ایک تقریر کرتی ہوں اور سوالوں کا جواب دیتی ہوں۔ جو لوگ چند بار نہ آئیں انہیں دوبارہ نہیں بلاتی بلکہ کچھ نئے ڈھونڈ لیتی ہوں۔ میری سہیلیاں بے شمار ہیں جن میں ہندو، مسلم، عیسائی سب شامل ہیں۔ سب سے میری دوستی ہے۔ کسی دانشور کا مقولہ ہے کہ دوسرے لوگوں میں دلچسپی لیں اور دوسرے لوگوں کی خوبیوں پر نظر رکھیں یہ دعوت الی اللہ کی حکمت عملی ہے۔ (الفضل 15 فروری 2000ء)

کرنی والے بزرگ

مکرم اول ہیتو صاحب لکھتے ہیں:۔

''میرے والد مکرم بشارت ربانی صاحب کو دعوت الی اللہ کا بے حد شوق تھا۔ والد صاحب نے دعوت الی اللہ کی غرض سے حضرت مسیح موعود کی تصویر غیر معمولی طور پر بڑی کروا کے گھر کے ڈرائنگ روم میں آویزاں کی تھی۔ چونکہ والد صاحب کا تعلق شعبہ تعلیم سے تھا اس لئے مختلف قسم کے لوگ جن میں کالجوں کے پروفیسر حضرات بھی شامل تھے بکثرت آتے تھے۔ اس طرح اس تصویر کی بنا پر دعوت الی اللہ کا سلسلہ چل نکلتا تھا۔ راقم کو یاد ہے کہ ایک دفعہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع خدام الاحمدیہ کے ضلعی اجتماع پر گجرات تشریف لائے (اس وقت حضور صدر خدام الاحمدیہ مرکزیہ تھے) والد صاحب نے ازراہ برکت چائے کی دعوت کی درخواست کی۔ باوجود مصروفیت کے آپ ازراہ شفقت تشریف لائے۔ آپ نے والد صاحب سے دریافت کیا کہ اتنی بڑی تصویر لگانے کی کوئی خاص وجہ ہے۔ والد صاحب نے عرض کی میاں صاحب دعوت الی اللہ کے لئے۔ اس پر میاں صاحب (حضرت خلیفہ رابع) نے فرمایا کہ تب یہ درست ہے۔ غرض یہ تصویر ہمیشہ ہی ہمارے گھر میں رہی ہے اور اب بھی ہمارے گھر کی شان اسی سے ہے۔ اس تصویر کے متعلق ایک خاص واقعہ میری یادداشت میں ہے۔ جو عاجز نے حضور انور کی خدمت اقدس میں تحریر کیا اور چھاپنے کی اجازت چاہی تو حضور انور نے ازراہ شفقت فرمایا کہ بے شک چھاپ دیں۔

ستر کی دہائی کے وسط کی بات ہے ہماری فیملی مہدہ روڈ گجرات میں رہائش پذیر تھی۔ گجرات میں ہر سال سائیں کاواںواں والے کا عرس بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے اور یہ عرس گندم کی کٹائی کے معاً بعد ہوتا ہے۔ موسمی حالات کے مطابق ان دنوں آندھی اور بارش کا ہونا لازم وملزوم ہے اور جب کہ مزار کے اردگرد کھیت ہی کھیت تھے کوئی پکی سڑک مزار تک نہیں جاتی تھی۔ آبادی بھی نہایت کم تھی ہمارا گھر مزار سے تھوڑے فاصلہ پر تھا۔ انہی دنوں جب عرس شروع ہوا تو میری ملاقات مشہور لوک گیت کار عالم لوہار صاحب مرحوم سے ہوئی۔ وجہ یہ بنی کہ بارش کی بنا پر ہر طرف کیچڑ تھا اور گاڑی پارک کرنے کی جگہ نہ تھی۔ ایک ہمارا گھر ہی قریب تھا سو انہوں نے گاڑی پارک کرنے کی اجازت چاہی میں نے انہیں اندر آنے کو کہا اور چائے کی دعوت دی۔ انہوں نے معذرت کی کہ ان کا شو شروع ہونے والا ہے مگر میرے اصرار پر چند منٹ کے لئے اندر آنے پر راضی ہو گئے جونہی وہ ڈرائنگ روم میں داخل ہوئے ان کی نظر سامنے آویزاں تصویر پر پڑی وہ وہیں کھڑے ہو گئے اور مجھ سے پوچھا کہ یہ کن کی تصویر ہے۔ قبل اس کے کہ میں جواب دیتا، بے خودی کے عالم میں ان کے منہ سے نکلا!!! بڑے ہی کرنی والے بزرگ ہیں بڑے ہی کرنی والے بزرگ ہیں اور محویت کے عالم میں تصویر کو دیکھتے رہے۔

(''النصر'' فرانس ستمبر 2003ء)

بیعت کرلی

1901ء سے پہلے حضرت مرزا کبیر الدین احمد صاحب اور آپ کے چھوٹے بھائی مرزا حسام الدین صاحب جھانسی میں پولیس میں ملازم تھے وہاں ایک اوورسیئر مشتاق احمد صاحب تھے انہیں کہیں سے حضرت مسیح موعود کی تصنیف ''ازالہ اوہام'' مل گئی۔ مشتاق احمد صاحب شاعر اور علم دوست آدمی تھے اور مرحوم کے دوست تھے انہوں نے مرزا صاحب مرحوم کے پاس مولوی رحمت اللہ صاحب اور پادری فنڈر کی کتابیں دیکھی تھیں۔ وہ یہ جانتے تھے کہ مرحوم کو رد عیسائیت کا شوق ہے۔ اس لئے انہوں نے ''ازالہ اوہام'' مرزا صاحب مرحوم کو دے دی ''ازالہ اوہام'' کو پڑھنے کے بعد مرحوم نے حضرت مسیح موعود کو عریضہ لکھا اور بیعت کرلی۔ (تاریخ احمدیت جلد 17 ص 158)

> وہ لگا دے آگ میرے دل میں ملت کے لئے
> شعلے پہنچیں جس کے ہر دم آسماں تک بے شمار
> (حضرت مسیح موعود)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم طاہر محمود دعاول صاحب مربی سلسلہ ضلع گوجرانوالہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 9 ستمبر 2004ء بروز جمعرات ایک بیٹے عاشر احمد طاہر (واقف نو) کے بعد دوسرے بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے یاسر احمد طاہر عطا فرمایا ہے۔ بچہ مکرم چوہدری محمد صدیق صاحب مرحوم آف کلاسوالہ ضلع سیالکوٹ کا پوتا۔ اور مکرم محمد اسماعیل صاحب ربوہ کا نواسہ ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ خدا ان بچوں کو نیک، مخلص، خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

اعلان دارالقضاء

(محترمہ صبیحہ راجہ صاحبہ بابت ترکہ مکرم عبدالخالق راجہ صاحب)

محترمہ صبیحہ راجہ صاحبہ حال مقیم U.S.A نے درخواست دی ہے کہ میرے شوہر مکرم عبدالخالق راجہ صاحب ابن مکرم میجر عبدالحمید راجہ صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ قطعہ نمبر 10/8 واقع محلہ دارالصدر ربوہ کل رقبہ 2 کنال 4 مرلہ میں سے ان کا حصہ نصف یعنی 1 کنال 2 مرلہ ہے۔ یہ حصہ میرے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

(1) محترمہ صبیحہ راجہ صاحبہ (بیوہ)
(2) محترمہ ثمینہ سعدیہ راجہ صاحبہ (بیٹی)
(3) مکرم عمر سلطان راجہ صاحب (بیٹا)
(4) مکرم نادر سعید راجہ صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

مکرم احمد حبیب صاحب نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل، الفضل میں اشتہارات کی بکنگ، خریداران الفضل سے چندہ جات کی وصولی و توسیع اشاعت الفضل، لاہور کے دورہ پر ہیں۔ تمام احباب جماعت اور خصوصاً کاروباری حضرات سے درخواست ہے کہ ان سے بھرپور تعاون فرمائیں اور اپنے کاروبار کو وسعت دینے کیلئے الفضل میں اشتہار دیں۔

(مینیجر الفضل)

ولادت

مکرم ارشاد احمد دانش صاحب مربی ضلع خوشاب لکھتے ہیں۔ خاکسار کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 22 ستمبر 2004ء کو دوسرے بیٹے سے نوازا ہے جس کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ''فاران احمد دانش'' عطا فرمایا ہے۔ جو کہ مکرم محمد جمیل صاحب آف گوجرہ کا پوتا اور مکرم رانا غفور احمد صاحب آف بھوڑو چک نمبر 18 کا نواسہ ہے احباب سے اس کے نیک اور خادم دین ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

شکریہ احباب

مکرم محمود احمد منگلا صاحب کینیڈا لکھتے ہیں۔ خاکسار کے والد محترم برکت اللہ صاحب منگلا ایڈووکیٹ سرگودھا کی شہادت کے بعد کثرت سے احباب نے سرگودھا میں والد صاحب کی رہائش گاہ جا کر اور خاکسار سے کینیڈا میں بذریعہ فون فیکس اور ای۔ میل اظہار ہمدردی فرمایا ہے۔ خاکسار اس للّٰہی محبت پر جملہ احباب کا تہہ دل سے ممنون ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کو بہترین جزا عطا فرمائے۔ احباب سے درخواست ہے کہ آئندہ بھی ہم سب اہل خانہ کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

گلشن احمد نرسری کی ورائٹی

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ربوہ کی سرزمین میں اب ہر طرح کے پھلدار، پھولدار اور سایہ دار درخت پیدا ہو رہے ہیں۔ گلشن احمد نرسری میں آپ کے لئے پھل دار سایہ دار، پھولدار پودے، خوشبو دار بیلیں اور باڑیں دستیاب ہیں نیز ان ڈور، آؤٹ ڈور پودوں کی خوبصورت ورائٹی دستیاب ہے۔ پلاسٹک کے خوبصورت گملے مختلف سائز اور رنگ میں دستیاب ہیں۔ مٹی کے گملہ جات خوبصورت ڈیزائن اور سائز میں نیز دیواروں پر لٹکانے والے گملے ہینگرز اور باسکٹ کی خوبصورت ورائٹی دستیاب ہے۔ سرسبز لان تیار کروانے، پودوں کو سپرے کروانے، گھاس کٹائی، باڑ کٹائی وغیرہ کروانے کیلئے رابطہ فرمائیں۔ نرسری سے متعلقہ سامان کھاد، رنبہ، کسی وغیرہ خریدنے کیلئے تشریف لائیں۔ تازہ پھولوں سے گجرے، ہار، بوکے وغیرہ تیار کروانے کیلئے نیز خوشی کے مواقع پر سٹیج، کار وغیرہ کی خوبصورت سجاوٹ کے لئے تشریف لائیں۔

(رابطہ فون 215306، 213306 فیکس: 215206)

(انچارج گلشن احمد نرسری، ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ ' پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

حضرت مسیح موعود کے جلیل القدر رفیق اور حضرت صوفی احمد جان صاحب کے صاحبزادے

حضرت پیر منظور محمد صاحب کی سیرت کے بعض روشن حصے

مکرم سفیر احمد قریشی صاحب

(قسط دوم آخر)

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب پیر منظور محمد صاحب کے طریقہ تعلیم پر روشنی ڈالتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:۔

''قاعدہ یسرنا القرآن جس نے بعد میں اتنی شہرت حاصل کی وہ ہم بہن بھائیوں کی تعلیم کی غرض سے ہی ایجاد کیا گیا تھا۔ اور خدا کے فضل سے اس قاعدہ کو اتنی مقبولیت حاصل ہوئی کہ لاکھوں احمدیوں اور غیر احمدیوں نے اس سے فائدہ اٹھایا ہے۔ اور اس وقت تک اس کے بے شمار ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔

(الفضل 21 جون 1950ء)

حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ آپ کے طریقہ تعلیم کے متعلق فرماتی ہیں:۔

''پیر جی کا خاص اپنا طریقہ تعلیم تھا۔ کھیل کھیل میں پڑھانا، ہر بات بتانا، چیزیں بنا کر دکھانا ایک ایک بات یاد آ رہی ہے۔'' (الفضل 4 جون 1950ء)

قرآن مجید اور قاعدہ یسرنا القرآن مختلف تاجروں نے اپنے نام سے چھپوالیا لیکن آپ نے کسی کو قانونی نوٹس نہ بھجوایا اور نہ کبھی رائلٹی کا خیال دل میں آیا بلکہ آپ کے ذہن میں یہ خیال غالب تھا کہ یہ لوگ بھی قرآن مجید کی اشاعت بڑھا رہے ہیں۔

طباعت قرآن مجید اور قاعدہ میں نہایت محنت اور کاوش کی جاتی اور اس امر کا خصوصی خیال رکھا جاتا تھا کہ اس میں کتابت کی کوئی غلطی نہ رہ جائے بلکہ اس کی کتابت، چھپوائی اور اشاعت ہر لحاظ سے مستند کہلائے۔ چنانچہ اچھرہ لاہور میں ایک انجمن تھی جو کہ ہندوستان میں شائع ہونے والے تمام قرآن مجید کے شائع ہونے والے ایڈیشنوں میں کتابت کی غلطیاں چیک کیا کرتی تھی۔

اس انجمن نے آپ کی خدمت میں ایک سرٹیفکیٹ بھیجا تھا کہ آپ کے قرآن مجید کا بنظر غائر جائزہ لیا ہے اور بالاستیعاب مطالعہ کیا ہے۔ یہ امر خوشی کا موجب ہے کہ آپ کے قرآن مجید میں ایک حرف کی غلطی بھی نہیں ملی۔ (الفضل 13 جولائی 1950ء)

حضرت مسیح موعود کے الہامات میں پیر صاحب کا ذکر

27 جنوری 1906ء الہام ہوا۔ (اے) ورڈ اینڈ ٹو گرلز۔ حضور فرماتے ہیں:۔

''خواب میں دیکھا کہ گویا ایک انگریز مذکورہ بالا الفاظ بار بار بولتا ہے پھر جب غور سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ انگریز نہیں بلکہ وہ مولوی محمد علی صاحب ایم اے ہیں جو وہ الفاظ بول رہے ہیں۔ اور پھر یہی الہام انگریزی میں ہوا اور ساتھ ہی اس کا ترجمہ بھی۔ یعنی یہ کہ ''ایک کلام اور دو لڑکیاں''

7 جون 1906ء کے الہامات میں حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

''بذریعہ الہام الٰہی معلوم ہوا ہے کہ میاں منظور محمد صاحب کے گھر میں یعنی محمدی بیگم کا ایک لڑکا پیدا ہوگا جس کے دو نام ہوں گے۔

1۔ بشیر الدولہ 2۔ عالم کباب

یہ ہر دو نام بذریعہ الہام الٰہی معلوم ہوئے اور ان کی تعبیر اور تفہیم یہ ہے۔

1۔ بشیر الدولہ سے یہ مراد ہے کہ وہ ہماری دولت اور اقبال کے لئے بشارت دینے والا ہوگا اس کے پیدا ہونے کے بعد (یا اس کے ہوش سنبھالنے کے بعد) زلزلہ عظیمہ کی پیشگوئی اور دوسری پیشگوئیاں ظہور میں آئیں گی۔ اور گروہ کثیر مخلوقات کا ہماری طرف رجوع کرے گا اور عظیم الشان فتح ظہور میں آئے گی۔

2۔ عالم کباب سے یہ مراد ہے کہ اس کے پیدا ہونے کے بعد چند ماہ تک یا جب تک کہ وہ اپنی برائی بھلائی شناخت کرے۔ دنیا پر ایک سخت تباہی آئے گی۔ گویا دنیا کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اس وجہ سے اس لڑکے کا نام عالم کباب رکھا گیا۔ غرض وہ لڑکا اس لحاظ سے کہ ہماری دولت اور اقبال کی ترقی کے لئے ایک نشان ہوگا۔ بشیر الدولہ کہلائے گا اور اس لحاظ سے کہ مخالفوں کے لئے قیامت کا نمونہ ہوگا۔ عالم کباب کے نام سے موسوم ہوگا۔

7 جون 1906ء کے الہامات میں حضرت اقدس فرماتے ہیں:۔

''اس کے بعد معلوم ہوا کہ اس لڑکے کے دو نام ہیں۔ 1۔ ایک شادی خان۔ کیونکہ وہ اس جماعت کے لئے شادی کا موجب ہوگا۔ 2۔ دوسرے کلمۃ اللہ خان۔ کیونکہ وہ خدا کا کلمہ ہوگا جو ابتداء سے مقرر تھا اس زمانہ میں پورا ہو جائے گا۔

اور ضرور ہے کہ خدا اس لڑکے کی والدہ کو زندہ رکھے جب تک یہ پیشگوئی پوری ہو اور گزشتہ الہام ''اے ورڈ اینڈ ٹو گرلز'' اسی پیشگوئی کو بیان کرتا ہے۔ جس کے معنی ہیں ایک کلمہ اور دو لڑکیاں کیونکہ میاں منظور محمد کی دو لڑکیاں ہیں اور جب کلمۃ اللہ پیدا ہوگا تب یہ بات پوری ہو جائے گی ایک کلمہ اور دو لڑکیاں۔''

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ایک موقعہ پر اس الہام کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا:۔

''ایک کلمہ سے مراد تو پیر منظور محمد صاحب کی وہ کتاب ہے جو انہوں نے مصلح موعود کے متعلق لکھی اور دو لڑکیوں سے مراد بھی انہی کی دو لڑکیاں ہیں۔ گویا الہام میں یہ بتایا گیا تھا کہ ان کی یادگار دو چیزیں ہوں گی۔ ایک کلمہ ان کی یادگار ہوگا اور دو لڑکیاں ان کی یادگار ہوں گی۔

چنانچہ ان کی لڑکی حامدہ بیگم صاحبہ مرحومہ تھیں جو سردار کرم داد خانصاحب پنشنر سے بیاہی گئیں اور ایک صالحہ بیگم صاحبہ ہیں جو میر محمد اسحٰق صاحب کی زوجیت میں آئیں۔ یہی دو لڑکیاں تھیں جن کا الہام میں ذکر آتا تھا۔ اور خدا تعالیٰ کے فضل نے بھی بتا دیا کہ اس سے مراد یہی دونوں تھیں۔

باقی اس الہام سے یہ بھی ظاہر ہو رہا تھا کہ پیر صاحب کے ہاں لڑکا نہیں ہوگا...... اس الہام سے مراد صرف یہ ہے کہ وہ اس پیشگوئی (مصلح موعود) کی طرف سب سے پہلے اشارہ کریں گے۔ چنانچہ ہماری جماعت میں سب سے پہلے مصلح موعود کے متعلق جو کتاب لکھی گئی وہ پیر صاحب نے ہی لکھی ہے اور اس کے متعلق یہ الہام تھا۔

(تذکرہ ص 624,623) (الفضل 31 اکتوبر 1944ء)

7 جون 1906ء کے الہامات پسر موعود سے تعلق رکھتے ہیں اور حضرت مسیح موعود کو منظور محمد قرار دیا گیا ہے۔

پیشگوئی مصلح موعود کی تعیین اول

حضرت پیر منظور محمد صاحب، حضرت خلیفہ اول کے زمانہ خلافت میں ایک روز اپنے مکان میں مجموعہ اشتہارات کا مطالعہ فرما رہے تھے۔ پیشگوئی مصلح موعود سے متعلقہ حضرت اقدس کے اشتہارات ملاحظہ فرمانے کے بعد یکدم قلب و ذہن اس طرف منتقل ہوا کہ حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد ہی پسر موعود ہیں اور مصلح موعود ہیں۔ جب آپ کا یہ استدلال دل میں گزر گیا تو آپ 8 ستمبر 1913ء کے روز جبکہ آپ پر یہ حقیقت روشناس ہوگئی آپ فوراً اٹھے اور اسی وقت حضرت خلیفہ اول کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ

''مجھے آج حضرت اقدس کے اشتہارات کو پڑھ کر پتہ چل گیا ہے کہ پسر موعود میاں صاحب ہی ہیں تو جناب حضرت خلیفۃ المسیح نے فرمایا کہ ''ہمیں تو پہلے ہی سے معلوم ہے کیا تم نہیں دیکھتے کہ ہم میاں صاحب کے ساتھ کس خاص طرز سے ملا کرتے ہیں اور ان کا ادب کرتے ہیں۔''

اس تائید کے بعد حضرت پیر صاحب نے پسر موعود سے متعلق تمام حوالہ جات کو جمع کیا اور حضرت میاں صاحب کے پسر موعود ہونے کے چودہ قرائن لکھے۔ تیرہ قرائن حضرت اقدس کے اشتہارات سے لئے گئے اور چودھواں قرینہ حضرت خلیفہ اول کا اعتقاد قرار دیا۔ چنانچہ یہ قرائن لے کر آپ حضرت خلیفہ اول کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ ان امور کی تصدیق آپ کے اپنے ہاتھ سے ہی ہو جائے۔ چنانچہ حضرت خلیفہ اول مطالعہ فرماتے ہوئے جب چودھویں قرینے پر پہنچے تو میں نے عرض کیا:۔

''حضور نے اس دن یہ الفاظ فرمائے تھے۔ فرمایا ہاں۔ تو میں نے عرض کیا کہ حضور اپنے ہاتھ سے اپنی تصدیق اس پر کر دیں۔ تب آپ نے اپنے ہاتھ سے اس پر تصدیق کر دی اور تحریر فرمایا کہ ''یہ لفظ میں نے برادرم منظور محمد سے کہے ہیں۔''

(نور الدین 10 ستمبر 1913ء)

حضرت پیر صاحب فرماتے ہیں کہ

''جب میں یہ تصدیق کروا چکا تو دوسرے دن یعنی 11 ستمبر 1913ء کو شام کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح گھر میں چارپائی پر لیٹے ہوئے تھے میں پاؤں سہلانے لگ گیا۔ تھوڑی دیر بعد بغیر کسی گفتگو اور تذکرہ کے خود بخود فرمایا کہ ابھی یہ مضمون شائع نہ کرنا جب مخالفت ہو اس وقت شائع کرنا۔

حضرت پیر صاحب فرماتے ہیں کہ حضرت اقدس نے مجھے فرمایا تھا کہ ''سبز اشتہار کو اپنے پاس حفاظت سے رکھو۔''

یہ اشتہار آپ نے محفوظ رکھا۔ ایک مرتبہ مولوی محمد قاسم علی صاحب نے (جو اخبار الحق دہلی کے ایڈیٹر ہیں) نے اپنی فائل مکمل کرنے کے لئے آپ سے اور اشتہارات کے ساتھ اس اشتہار کو بھی مانگا لیکن آپ نے اور اشتہار تو انہیں دے دیئے لیکن یہ اشتہار تابع حکم حضرت اقدس نہ دیا۔

اس طرح حضرت پیر منظور محمد صاحب وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے پسر موعود کی تعیین کی اور حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد کو ہی مصلح موعود قرار دیا اور حضرت خلیفہ اول کی رائے بھی معلوم کر کے اختلاف

پیدا ہونے کے وقت جماعت کے سامنے پیش کردی اور جماعت احمدیہ کو ایک پریقین رہبری عطا فرمائی اور آپ ہی کی وہ ذات ہے جو حضرت اقدس کے الہام کی مصداق ٹھہری۔ ''ایک کلام اور دولڑکیاں''

حضور کا سفر لاہور اور پیر صاحب کی قافلہ میں شمولیت

حضرت اقدس مسیح موعود نے 1908ء میں لاہور جانے کا پروگرام بنایا۔ سفر پر روانہ ہونے سے چند روز قبل حضرت پیر صاحب نے حضور اقدس کی خدمت میں عرض کی کہ میں پیچھے لنگر خانہ میں رہوں گا۔ اس وقت آپ دارالمسیح میں رہائش رکھتے تھے۔ حضرت اقدس نے یہ سن کر فرمایا ''نہیں آپ ہمارے ساتھ چلیں گے''

حضور اقدس کے مندرجہ بالا فرمان کی بناء پر حضرت پیر صاحب کو حضور کے آخری سفر میں رفاقت کا موقعہ نصیب ہوا۔ حضرت پیر صاحب اس سفر کے تعلق میں ایک خواب کا ذکر فرماتے ہیں جو کہ آپ نے دو تین سال قبل دیکھا تھا اور حضرت اقدس کی وفات سے تھوڑا عرصہ قبل ہی حضور کو سنایا تھا۔ حضور اقدس جب یہ خواب سُن چکے تو حضرت پیر صاحب کو مخاطب کر کے فرمایا کہ

''آپ نے ہمیں پہلے کیوں نہ بتایا''

حضرت پیر صاحب اپنا خواب بیان کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ

''حضرت مسیح موعود لاہور کے ریلوے اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر نماز میں قیام کی حالت میں کھڑے ہیں اور مسلح ہیں یعنی بندوق دائیں پہلو میں لگی ہوئی ہے۔ جب حضور سجدہ میں گئے تو میں نے دیکھا کہ ایک بوڑھا منحنی شخص ......دوزانو نہایت ادب سے بیٹھا ہے اور اس کے گلے میں ایک پستول ایک بالشت لمبا ایک موٹے دھاگے کے ساتھ بندھا ہوا لٹکتا ہے۔ اس نے وہ پستول حضور کے پیٹ کی طرف کر کے چلا دیا اور وہیں ادب سے بیٹھا رہا۔ حضور سجدہ سے اٹھے اور اپنا دایاں ہاتھ پیٹ پر پھیرتے جاتے ہیں اور کہتے جاتے ہیں کہ ''یا قادر و کریم از طرف تو نجات'' اور کھڑے ہو جاتے ہیں۔ میں نے جلدی سے اپنی دونوں بانہیں اس شخص کی پشت کی طرف سے ہو کر اس کے گلے میں ڈال دیں تا کہ یہ شخص بھاگ نہ جائے پھر میں بیدار ہو گیا۔''

اس خواب کی تعبیر کرتے ہوئے پیر صاحب لکھتے ہیں:۔

''تعبیر اس خواب کی یہ ہے کہ حضور کی وفات پیٹ کے مرض سے ہوئی اور لاہور میں ہوئی۔ ریلوے اسٹیشن سفر اور اس دنیا سے جانے کو ظاہر کرتا ہے۔''

حضور کا ایک الہام ''الرحیل ثم الرحیل'' ہے یعنی پہلے قادیانؔ سے لاہور کا سفر پھر لاہور سے آخرت کا سفر۔ حضور کا تعلق ہر وقت خدا تعالیٰ سے رہتا تھا۔ وہ بوڑھا شخص جس نے پستول چلایا ملک الموت تھا۔ ملک الموت کا ادب کرنا حضور کے اعلیٰ مقام تعلق باللہ کو ظاہر کرتا ہے۔ (خودنوشت حالات زندگی)

سیرت کے چند پہلو

حضرت پیر منظور محمد صاحب نے اپنی تمام عمر انکساری، عاجزی اور نہایت تضرع میں بسر کی۔ آپ کے مزاج میں تصوف غالب تھا۔ تکلفات سے بے نیاز مگر صاف ستھرا لباس پسند فرماتے اور جہاں طبیعت میں نہایت نفاست تھی وہاں غذا اور طرز رہائش بہت سادہ تھی۔ انتہا درجہ کے حق گو اور صاف گو تھے لیکن طرز کلام میں ملائمت، ملاحت اور فصاحت تھی۔ اپنے دوستوں، عزیزوں اور زیر تربیت اشخاص کے حالات سے پوری طرح باخبر رہتے اور گاہے بگاہے ان کی کمزوریوں کی اصلاح عارفانہ کلام کے ذریعہ فرماتے اور اکثر اوقات معرفت کے ایسے نکات بیان فرماتے کہ سننے والا آپ کے علم وفضل سے گرویدہ ہو جاتا۔ اکثر احباب ملاقات کے لئے تشریف لاتے اور آپ کی صحبت صالح سے مستفید ہو کر اپنے اندر نیک اور صالح اور پاک تبدیلی محسوس کرتے۔

جماعتی اجلاسات وتقریبات میں شامل ہونے کی بجائے آپ سے ملاقات کے لئے اگر کوئی صاحب آتے تو آپ اسے نہایت ہی پیار ومحبت سے سمجھاتے اور جماعتی پروگراموں میں شمولیت اور استفادہ کی تلقین فرماتے۔ اور اس امر کو نہایت نامناسب خیال فرماتے کہ کوئی صاحب ایسے موقع پر پروگرام یا تقریبات کو چھوڑ کر آپ کی صحبت میں بیٹھے۔ آپ کو گھٹنوں کی تکلیف تھی اس بناء پر آپ چل پھر نہیں سکتے تھے۔ آپ قریباً چالیس برس تک بیمار رہے۔ گھر میں بھی چلنے پھرنے سے معذور تھے۔ اس لئے ملاقات کے لئے آنے والوں کا بے حد احترام کرتے اور محبت سے اپنے پاس بٹھاتے لیکن اگر معلوم ہو جائے کہ اس وقت کوئی جماعتی پروگرام ہو رہا ہے تو آنے والے کو نہایت نرمی و پیار سے سمجھا کر رخصت کر دیتے۔

آپ فرمایا کرتے تھے کہ احترام شعائر اللہ دلیل ایمان ہے۔ اس لحاظ سے قادیان کی وہ جگہیں جو شعائر اللہ کا درجہ رکھتی تھیں اور قادیان کے باسیوں کا احترام لازم وملزوم سمجھتے تھے۔ بلکہ جو بھی قادیان آجاتا اس کا بھی بے حد احترام کرتے۔ چنانچہ اس کا عملی مظاہرہ بھی آپ نے فرمایا۔ قادیان میں بسنے والوں اور قادیان میں بطور مہمان تشریف لانے والوں سے قاعدہ یسرنا القرآن کی قیمت پرچون ریٹ لینے کی بجائے تھوک ریٹ پر لینے کا ارشاد فرمایا۔ قادیان کے بعض دوکانداروں نے عرض بھی کیا کہ اس طرح ہمیں قاعدہ بیچنے کا کوئی فائدہ نہ ہوگا تو آپ نے فرمایا کہ اہل قادیان کے لئے بہرحال استثناء ہے۔

قاعدہ وقرآن مجید کی قیمت جو کہ ہدیہ کے طور پر وصول کی جاتی اگر کبھی کوئی کھوٹا سکہ غلطی سے وصول ہو جاتا تو اسے پھر بازار میں نہ چلاتے تھے۔ ایسے سکے ایک مرتبہ 80 کے قریب جمع ہو گئے جو آپ نے قادیان کے ڈھاب میں پھینکوا دیئے۔

دنیا سے بے رغبتی اور اموال کی قربانی کے نظارے بھی دیکھنے والوں نے مشاہدہ کئے ہیں۔ ایسے احباب کے تاثرات ہیں کہ آپ کے نزدیک مال ودولت ٹھیکری کے برابر تھا۔ اور کبھی روپیہ پیسہ اور جائیداد سے رغبت کا اظہار نہیں کیا۔ قاعدہ یسرنا القرآن وقرآن مجید کی اشاعت سے جو آمد ہوتی اس میں سے ان کی چھپوائی وغیرہ کے اخراجات اور اپنے گزارہ کی رقم رکھ کر باقی سب حضور کی خدمت میں پیش فرما دیا کرتے تھے۔

بہت سے لوگوں نے آپ سے قرضہ لیا جو ادائیگی کی طاقت نہ رکھتے انہیں معاف کر دیا اور بعض احباب کو آپ نے آسان قسطوں کی سہولت فراہم کر دی۔

خلافت کا بے حد ادب واحترام دل میں رکھتے تھے۔ اور یہ احترام اس قدر جاگزیں ہوا کہ خلیفہ وقت کے سامنے اپنا مدعا بیان کرنا بھی دوبھر ہوتا۔ ایک واقعہ سے اس کا اندازہ ہوتا ہے کہ ایک بار آپ نے ایک نادر تصنیف تحریر کی اور اچھوتی علمی تحقیقات اس رسالہ میں جمع کی تھیں۔ آپ اسے چھپوانے کا ارادہ رکھتے تھے۔ آپ نے اس کا اصل مسودہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں بغرض مطالعہ وراہنمائی پیش کیا۔ حکمت الٰہی ملاحظہ ہو کہ حضور نے وہ مسودہ کہیں رکھا پھر وہ نہ ملا۔ ایک عرصہ تک حضرت پیر صاحب کو اس کی واپسی کا انتظار رہا۔ آپ اس علمی تحقیق کی قدر وقیمت جانتے اور سمجھتے تھے۔ اور اہل علم اس امر کا اندازہ کر سکتے ہیں کہ کس طرح ایک خیال کی تحقیق کے لئے برسوں محنت کرنا پڑتی ہے۔ اب صحت اس کی اجازت نہ دیتی تھی اور بڑھاپے کی وجہ سے دوبارہ محنت کرنا سخت مشکل اور دوبھر معلوم ہوتا تھا لیکن احترام خلافت کے پیش نظر آپ نے اس بارہ میں حضور کو یاددہانی کروانا بھی مناسب نہ سمجھا۔

لقاء الٰہی کی بے انتہاء تڑپ وشوق اپنے دل میں رکھتے تھے کہ بلا ناغہ خدا کے حضور گریہ وبکا کرتے کہ اے مولیٰ مرنے کے بعد بھی رضائے الٰہی کی جنت میں داخل فرمانا اور اپنے دیدار سے مشرف فرمانا۔ آپ نے ایک موقعہ پر یہ بھی فرمایا کہ اگر مومن موت سے ہچکچاہٹ محسوس کرے تو اس کی یہ حالت درست نہیں ہے۔ اسے اپنی فکر کرنی چاہئے۔

(الفضل 13 جولائی 1950ء)

وفات

حضرت پیر منظور محمد صاحب چالیس برس کے قریب بیمار رہے۔ گھر میں بھی آپ چلنے پھرنے سے معذور تھے۔ چھڑی کی ٹیک سے آپ کھڑے ہو سکتے تھے لیکن عمر کے آخری حصہ سات سال میں تو آپ چارپائی سے اتر بھی نہ سکتے تھے۔ اس لمبی بیماری کے بعد بالآخر 1950ء میں گھٹنوں کی تکلیف شدت اختیار کر گئی اور بخار کی تیزی جان لیوا ثابت ہوئی اور آپ نے 21 جون 1950ء کو جان جانِ آفریں کے سپرد کر دی۔

حضرت پیر صاحب کی یادگار دو بیٹیاں تھیں۔ ان کی ایک لڑکی حامدہ بیگم صاحبہ تھیں جو سردار کرم داد خانصاحب پنشنر سے بیاہی گئیں۔ آپ کی دوسری بیٹی صالحہ بیگم صاحبہ تھیں جو حضرت میر محمد اسحٰق صاحب کی زوجیت میں آئیں۔ یہی دولڑکیاں تھیں جن کا الہام میں ذکر آتا تھا۔ اور خدا تعالیٰ کے فعل نے بھی بتا دیا کہ اس سے مراد یہی دونوں تھیں۔

حضرت پیر صاحب کی تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں قطعہ رفقاء میں ہوئی۔

بقیہ صفحہ 5

پاکستان کے معروف سفارتکار سر محمد ظفر اللہ خان کے نام پر رکھا تھا۔ جو چالیس کی دہائی کے اخیر میں اقوام متحدہ میں ہمارے واحد حمایتی تھے۔ انہی کی کوششوں سے ہمیں آزادی ملی۔ ان دنوں والدین نے اپنے لڑکوں کے نام سر محمد ظفر اللہ کے نام پر رکھے اور میں بھی ان خوش قسمت بچوں میں شامل ہوں۔ آج میں پہلی بار کسی پاکستانی سے مل رہا ہوں مجھے ہمارے محسن سر ظفر اللہ خان کے بارے میں بتایئے کیونکہ ہمیں اپنے محسن کے بارہ میں زیادہ معلومات نہیں ہیں۔ تب ڈاکٹر پرویز پروازی لکھتے ہیں کہ میں نے تفصیل سے حضرت چوہدری صاحب کے بارہ میں معلومات فراہم کیں۔

حضرت چوہدری صاحب نے حقیقت میں عالمی سطح پر انسانیت کی خدمت کی اور اہل عرب کے لئے ایسی گرانقدر خدمات سرانجام دیں کہ جس کے نتیجہ میں انہیں آزادی ملی اور ان کی خدمات کے اعتراف میں بعض والدین نے اپنے بچوں کے نام ظفر اللہ رکھے۔

زیر تبصرہ کتاب انگریزی جاننے والوں کے لئے حضرت چوہدری صاحب کی شخصیت کے کئی دریچے کھولنے کا موجب ہوگی۔

(ایم۔ ایم۔ طاہر)

ہاتھ سے کام نہ کرنے کے نقصان

☆ سیدنا حضرت مصلح موعود نے تحریک جدید کا سولہواں مطالبہ پیش کرتے ہوئے فرمایا:۔

''احباب کو چاہئے کہ اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی عادت ڈالیں۔ سادہ کھائیں، سادہ کپڑا پہنیں، دین کی خدمت کیلئے اپنے آپ کو پیش کریں۔ کوئی احمدی بیکار نہ رہے۔''

اس کے ساتھ ہی آپ نے ہاتھ سے کام نہ کرنے کے نقصان بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔ ''ہاتھ سے کام نہ کرنا کوئی معمولی بات نہیں۔ اس سے بڑی بڑی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں اور اچھے اچھے خاندان برباد ہو جاتے ہیں اور پھر اس کے نتیجے میں غرباء ہمیشہ غربت کی حالت میں رہتے ہیں اور انہیں اپنی حالت میں تغیر کرنے کا موقع نہیں ملتا۔''

(مطالبات صفحہ 119)

جماعتوں کو چاہئے کہ اپنے اپنے ماحول میں ان ہدایات کی تلقین کرتی رہیں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

ماخوذ

پتھری کا درد اور اس کا علاج

تصور کیجئے کہ ایک مٹر کے دانے کے برابر پتھر آپ کے گردے سے مثانے کی طرف آہستہ آہستہ بڑھ رہا ہے اور اس کی ہر جنبش سے پیشاب کی نالی میں تکلیف دہ اینٹھن پیدا ہو رہی ہے۔ ایک ماہ بعد یہ پتھر گردے سے مثانے کو جانے والی نالی تک پہنچتا ہے اور دوران پیشاب آپ جس کیفیت سے گزریں گے وہ درد کا ایک بدترین تجربہ ہوسکتا ہے۔

گردے کی پتھری کے عارضے میں اذیت کا باعث بننے والی شئے کو سنگ گردہ (Kidney Stone) کہا جاتا ہے اور تقریباً 15 فیصد مرد اس تکلیف میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اس کیفیت میں انسان یوں محسوس کرتا ہے کہ جیسے کوئی خنجر اس کے جسم کے اندر چلایا جا رہا ہے۔ اس تکلیف کے ساتھ متلی اور قے کی علامات بھی ہوسکتی ہیں۔

دو تہائی کیسوں میں گردے کی پتھری کا سبب کیلشیم آگزیلیٹ اور کیلشیم فاسفیٹ نامی معدنیات ہوتی ہیں۔ یہ معدنیات اگر پیشاب میں غیر معمولی مقدار میں موجود ہوں تو کچھ عرصے بعد یہ قلمی صورت (Crystal) اختیار کر کے پتھری بن سکتی ہیں۔ بس یوں سمجھئے کہ آپ چائے یا کافی کی پیالی میں دو چمچے چینی ملائیں گے تو یہ بآسانی حل ہو جائے گی، لیکن اگر چینی کے دس چمچے ڈال دیں گے تو چینی کی ایک مقدار پیالی کے نیچے ہی بیٹھ جائے گی۔ کیونکہ اس کے حل کے لئے کافی مائع موجود نہیں ہے۔

ابھی تک اس سوال کا جواب نہیں مل سکا کہ بعض لوگ کیوں اس عارضے میں مبتلا ہوتے ہیں اور دوسرے کیوں اس سے محفوظ رہتے ہیں۔ تاہم ماہرین یہ جان چکے ہیں کہ غذا اور وراثت کا اس میں بنیادی کردار ہوتا ہے۔

گردوں کے پتھر تکلیف دہ ضرور ہوتے ہیں مگر اکثر و بیشتر مہلک نہیں ہوتے۔ تاہم شدید درد کی وجہ سے زیادہ تر مریضوں کو معالج کے پاس جانا پڑتا ہے۔

پتھری سے کیسے بچیں؟

پانی کا زیادہ استعمال کیجئے:

آپ جتنا زیادہ پانی پئیں گے اتنا ہی زیادہ پیشاب ہوگا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ پتھری بنانے والے مادوں کے پتھری کی صورت اختیار کرنے کے امکانات کم ہو جائیں گے۔ دن میں چھ سے آٹھ گلاس پانی پیجئے۔ دو گلاس ہر کھانے کے وقت اور ایک گلاس ان کھانوں کے درمیان میں پئیں۔

گوشت کا استعمال کم کیجئے:

بہت سے لوگ گوشت کے بغیر دسترخوان کو ادھورا خیال کرتے ہیں مگر زیادہ حیوانی لحمیات (پروٹین) استعمال کرنے والے افراد اپنے گردوں میں پتھری بننے کے امکان کو بڑھا لیتے ہیں۔ حیوانی لحمیات پیشاب میں کیلشیم اور بولی تیزاب (یورک ایسڈ) کے اخراج میں اضافہ کرتی ہیں اور یہ دونوں چیزیں پتھری بنانے کے عمل میں حصہ لیتی ہیں۔ اس کے علاوہ ایسے لحمیات بولی سائٹریٹ (Urinary Citrate) کو بھی کم کر دیتے ہیں جو پتھری بننے کے عمل کو روکتی ہے۔ کھانے میں گوشت کی روزانہ مقدار ڈھائی سے تین اونس مرغی یا مچھلی کا گوشت ہے۔

کھانوں میں نمک کم کیجئے:

کم نمک کا استعمال مرض کو بڑھنے سے روکتا ہے۔ گردے نمک اور کیلشیم سے برابر کا معاملہ کرتے ہیں۔ اگر گردوں کو زیادہ نمک خارج کرنے پر مجبور کیا جائے گا تو یہ ساتھ ہی کیلشیم کی بھی اتنی ہی مقدار پیشاب میں شامل کرنا شروع کر دیں گے۔

کیلے سے دوستی کیجئے:

کیلا پوٹاشیم کی زیادہ مقدار رکھنے والا پھل ہے اور پوٹاشیم گردوں میں پتھری بننے کے رجحان کا تدارک کرتا ہے۔ کیلوں کے علاوہ پوٹاشیم، خوبانی، لوبیا اور ٹماٹر وغیرہ میں بھی پایا جاتا ہے۔

اس کے ساتھ ہی ان غذاؤں سے بچنا بھی ضروری ہے جن میں پتھری بنانے والا آگزیلیٹ پایا جاتا ہے۔ جیسے چقندر، پالک، ناریل، مونگ پھلی اور چاکلیٹ وغیرہ۔ بعض ماہرین گردوں میں پتھری سے بچنے کے لئے حیاتین ب (وٹامن بی) کی بھی سفارش کرتے ہیں۔

دودھ پینے سے انکار نہ کیجئے:

اب تک معالجین پتھری کے مریضوں کو دودھ کے استعمال سے منع کرتے آئے ہیں۔ ان کے خیال میں چونکہ گردوں کی پتھریاں زیادہ تر کیلشیم کی انواع سے تعلق رکھتی ہیں۔ لہٰذا کیلشیم والی غذاؤں کا استعمال مرض میں اضافے کا ہی باعث بنے گا۔ مگر ہاورڈ یونیورسٹی کے تحقیق کاروں کی ایک جماعت نے چار سال مطالعہ کے بعد یہ دعویٰ کیا ہے کہ معاملہ اس کے برعکس ہے۔ ان محققین کے مطابق روزانہ چار گلاس دودھ پینے والے مریضوں میں آئندہ چار سال کے لئے پتھری بننے کے امکانات میں 50 فیصد کمی واقع ہوتی ہے۔ لیکن اس سے زیادہ مقدار میں دودھ کا استعمال فائدے میں اضافہ نہیں کرتا۔

اگر پتھری خارج نہ ہو تو:

